20173 ـ خرچہ کی مد میں والدین کو زکاۃ دینی جائز نہیں

سوال

میں اپنی زکاۃ والد کو دینا چاہتا ہوں، کیونکہ میرے والد صاحب کوئی کام نہیں کرتے اور بوڑھے ہیں کام نہیں کر سکتے، اور ان کے چار بچے بھی ہیں جن کی وہ پرورش کر رہے ہیں، ان میں سے ایك معذور ہے جس کی عمر تیس برس ہے، تو کیا میں اپنے یا اپنی بہن کے مال کی زکاۃ انہیں دے سکتا ہوں، کیونکہ وہ بہت فقیر اور محتاج ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ سوال دو شقوں پر مشتمل ہے:

پہلی:

والدین کو زکاۃ دینے کا حکم:

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

" مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ اپنے والدین کو زکاۃ دے، اور نہ ہی وہ اپنی اولاد کو زکاۃ دے سکتا ہے، بلکہ اگر وہ اس کے محتاج ہوں تو اسے ان پر خرچ کرنا ہو گا، اور ان پر خرچ کرنے پر اس کی قدر کی جائے گی"

ماخوذ از: کتاب: الفتاوی الجامعۃ (1 / 306).

دوسری شق:

بھائیوں کو زکاۃ دینی:

اس کی تفصیل دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر (21810) کے جواب کا مطالعہ کریں.

واللہ اعلم .